جلد 20 — بروز ہفتہ 29 جون 2024ء 22 ذوالحجہ 1444ھ — شمارہ 81

# بلوچستان میں تعلیم، صحت، امن وامان سمیت گڈ گورننس کے شعبوں پر توجہ دینے کی ضرورت ہے، سرفراز بگٹی

**نوجوانوں سے ملیں گے انہیں گلے لگا کر بات سنیں گے اور مسائل حل کریں گے، پاکستان کے فریم ورک میں رہتے ہوئے جو بھی بات چیت یا سیاست کرنا چاہے کریں گے**

**صوبے کی استعداد 10 کروڑ روپے کی اسکیم کے مکمل اخراجات کرنے کی بھی نہیں ہے صوبائی حکومت نے بجٹ میں 70 فیصد اسکیمات کو منظوری کے بعد شامل کیا ہے**

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں تعلیم، صحت، امن وامان، لوکل گورنمنٹ، ماحولیاتی تبدیلی، گڈ گورننس کے شعبوں پر توجہ دینے کی بقیہ 1 صفحہ 6 پر

ضرورت ہے، نوجوانوں سے ملیں گے انہیں گلے لگا کر بات سنیں گے اور مسائل حل کریں گے، پاکستان کے فریم ورک میں رہتے ہوئے جو بھی بات چیت یا سیاست کرنا چاہے کریں گے مگر اگر کوئی بندوق کی نوک پر نظریہ مسلط کرنے، سیاحوں، مزدوروں، بلوچوں، ڈاکٹروں کو قتل کریگا تو اس کی اجازت نہیں دیں گے، ریاست اپنی رٹ کو قائم اور عوام کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنائے گی، کم جلالی کو پیلانٹیٹرز ہوگا اس کے بعد ہی ہمارا احتساب شروع ہوگا، تمام وزراء، سیکرٹریز فیلڈ میں نظر آئیں گے۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں بجٹ کی منظوری کے بعد ایوان میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہی۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں گورننس کے نظام کو بہتر کرنے اور غیر ترقیاتی اخراجات کو کم کرنے کی ضرورت ہے جس کے لئے ہم کام کریں گے غیر ترقیاتی اخراجات کو کم کرنے کا ایک طریقہ بھرتیوں کی شرح میں کمی کرنا ہے ہم نوجوانوں کو ہنر مند بنا کر بااختیار بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی بجٹ کو بڑھانے کے لئے صوبائی حکومت اپنے ریونیو کو بڑھانے کی 18 ویں ترمیم کے بعد وفاق کی صوبے کے لئے اتنی طرح آگے نہیں آتا۔ انہوں نے کہا کہ 220 ارب روپے کے ترقیاتی بجٹ سے 43 فیصد پاکستان کو ترقی دینا ممکن نہیں ہے ہمیں سے شہر آباد کرنے کی ضرورت ہے تاکہ آبادی کو بہتر سہولیات مہیا کی جاسکیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کی استعداد 10 کروڑ روپے کی اسکیم کے مکمل اخراجات کرنے کی بھی نہیں ہے صوبائی حکومت نے بجٹ میں 70 فیصد اسکیمات کو منظوری کے بعد شامل کیا ہے جبکہ 30 فیصد اسکیمات کی منظوری کے لئے فورم منصوبہ بندی وترقیات کو 15 جولائی تک کا وقت دیا ہے تاکہ جو وقت اسکیمات کی منظوری میں خرچ ہوتا ہے وہ ان پر کام کرنے میں صرف ہو۔ انہوں نے کہا کہ کم جلالی کو صوبے میں پیلانٹیٹرز کریں گے اور اس کے بعد وزراء، سیکرٹریز فیلڈ میں کام کرتے نظر آئیں گے ہم اس بار 220 ارب روپے خرچ کر کے عوام کے لئے کام کریں گے تاکہ وہ بھی بہتری محسوس کر سکیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ غیر متوازن ترقی سے بلوچستان بہت پیچھے رہ گیا ہے ہماری گورننس کا ماڈل شورش کے حق میں جاتا ہے جسے تبدیل کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ این ای سی میں صوبائی سطح کی اسکیمات وفاقی پی ایس ڈی پی میں شامل نہ کرنے کا فیصلہ واپس کروایا ہے صوبائی حکومت نے اس بار 79 منصوبے وفاق کو دیئے جن میں سے 2 منظور ہوئے ہیں جبکہ وفاقی پی ایس ڈی پی میں صوبے کے لئے انتہائی کم رقم مختص کی جاتی تھی جس کا بھی صرف 25 فیصد ریلیز ہوتا تھا اس بار یہ کیس وفاق کے سامنے رکھا اور کوئٹہ چلاک، کوئٹہ کراچی شاہراہوں، سا ؤتھ بلوچستان پیکج سمیت دیگر منصوبوں کے لئے اچھی خاصی رقم مختص کی گئی ہے جس سے آئندہ مالی سال میں بیشتر اسکیمات مکمل ہونگی۔

# اپوزیشن کا کام ہے جہاں ضرورت ہو ہماری ڈائریکشن درست کروائے، وزیراعلیٰ بگٹی

**کوئی بھی کام پلان کے بغیر نہیں کرتا جو بھی کام کروں گا اس پر پلان بنا کر مکمل منصوبہ بندی کے بعد کیا جائے گا**

**رے بلوچستان کے لیے تھے، میں جو احکامات جاری کرتا ہوں اس پر پہلے سیکریٹریٹ میں پورا کام کیا جاتا ہے**

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ میں کوئی بھی کام پلان کے بغیر نہیں کرتا جو بھی کام کروں گا اس پر پلان بنا کر مکمل منصوبہ بندی کے بعد کیا جائے گا اپوزیشن کا کام ہے جہاں ضرورت ہو وہاں ہماری ڈائریکشن درست کرنا اپوزیشن کی بقیہ 10 صفحہ 6 پر

تجاویز پر عمل کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان اسمبلی اجلاس کے بعد میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ جو اساتذہ کے لیے احکامات جاری کیے گئے تھے وہ پورے بلوچستان کے لیے تھے، میں جو احکامات جاری کرتا ہوں اس پر پہلے سیکریٹریٹ میں پورا کام کیا جاتا ہے، میں کوئی بھی کام پلان کے بغیر نہیں کرتا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ جو بھی کام کروں گا اس پر پلان بنا کر مکمل منصوبہ بندی کے بعد کیا جائے گا۔ سرفراز بگٹی نے کہا کہ اپوزیشن کا کام ہے جہاں ضرورت ہو وہاں ہماری ڈائریکشن درست کرنا اپوزیشن کی تجاویز پر عمل کریں گے۔

# وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کی زخمی سکول ٹیچر کی عیادت

**صوبے کے اس بہادر سپوت کا علاج آغا خان ہسپتال میں کروایا جائے گا**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ا جمعے کی صبح کراما سیٹر سو بقیہ 64 صفحہ 6 پر

ل ہسپتال پہنچے جہاں انہوں نے ٹرین کی زد سے بچے کی جان بچاتے ہوئے زخمی ہونے والے اسکول ٹیچر کی عیادت کی اور اسکے اہل خانہ سے ملاقات بھی کی واضح رہے کہ ٹرین کی زد سے بچے کو نکالتے ہوئے اسکول ٹیچر عامر غوری کی ایک ٹانگ اور ایک بازو کٹ گیا تھا وزیراعلیٰ نے عامر غوری کی بہادری اور انسانیت دوستی کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے بہادری کی نئی مثال قائم کر کے بلوچستان کا سر فخر سے بلند کیا ہے انہوں نے اعلان کیا کہ صوبے کے اس بہادر سپوت کا علاج آغا خان ہسپتال میں کروایا جائے گا اور بچوں کے تمام تعلیمی اخراجات صوبائی حکومت برداشت کرے گی وزیراعلیٰ نے اس موقع پر ٹیچر عامر غوری کی زوجہ کو سرکاری ملازمت دینے کا اعلان بھی کیا انہوں نے کہا کہ عامر غوری جیسے انسان دوست ہی ہمارے معاشرے کا روشن چہرہ ہے انہوں نے استاد عامر غوری کے بچوں کے سر پر دست شفقت پھیرتے ہوئے پیار کیا اوران کے والد کی بہادری کو سراہا۔

Scanned with CamScanner

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان


Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 29 JUN 2024 Page No. 19




کوئٹہ: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی [illegible] کی عیادت کر رہے ہیں



کوئٹہ: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسمبلی میں بجٹ منظوری کے بعد اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس کے بعد میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی [illegible] کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
20

Balochistan Times
Founded by Syed Faseih Iqbal in 1976
92 NEWS MEDIA GROUP
balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk
Rs: 30
Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 786 QUETTA Saturday June 29, 2024 /Dhu'l-Hijjah 22, 1445

# Bugti assures ZAC's delegation of redressal of farmer issues

**Staff Report**

**QUETTA:** Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Ahmed Bugti on Friday assured the representatives of Zamindar Action Committee (ZAC) that provincial government was taking serious steps to address issues of farmers which being faced by them in the areas.

He shared these views on Friday while talking to a delegation of ZAC led by its Chairman Malik Naseer Ahmed Shahwani called on him here. The Delegation apprised the Chief Minister about the problems of farmers saying that farmers were facing difficulties due to massive power load shedding in the province.

Speaking to the members of the delegation, Chief Minister Balochistan Mir Sarfraz Bugti said that the case of the landlords effectively rose before the federation, despite the progress made to a large extent, the call for a strike was regrettable. He said that the case of the landlords of Balochistan was taken up in the Federation as the lawyer of the landlords. The Zamindar Action Committee announced to end the ongoing strike across the province after assuring the CM in the meeting. Chairman Zamindar Action Committee (ZAC) Malik Naseer Ahmed Shahwani assured that the strike would end after Friday prayers. Earlier, on the appeal of the Zamindar Action Committee, farmers across Balochistan blocked the National Highway including Karachi- Quetta, Kharan, Kolpur, and Nushki others Highway against 21 hours power load shedding at agricultural feeders. Passengers were being faced difficulties due to the closure of national highways and several vehicles were stuck on the highways. The protester farmers demanded that the government should provide at least 6 hours of electricity to the landlords as promised load shedding.

Moreover, Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti visited the Trauma Center Civil Hospital on Friday morning and inquired about the health of school teacher who lost his leg and arm while saving the life of a child hit by a train. The CM also met his family. It should be noted that one leg and one arm of school teacher Amir Ghori was cut off while pulling out the child from the train and saved his life.

Paying tribute to the bravery and philanthropy of Amir Ghori, the Chief Minister said that he has made Balochistan proud by setting a new example of bravery. He also announced that this brave child of the province would be treated at the Agha Khan Hospital and all the educational expenses of his children would be borne by the provincial government, on this occasion, the chief minister also announced to provide the government job to the wife of teacher Amir Ghori. He said that a philanthropic messiah like Amir Ghori was the bright face of our society. He loved Teacher Amir Ghoris children and praised their fathers bravery.

Scanned with CamScanner
CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. (

Dated 29 JUN 2024 Page No. 21



QUETTA: Delegation Zamindar Action Committee led by Malik Naseer Ahmad Shahwani calls on Chief Minister Mir Sarfraz Bugti on Friday.

Scanned with CamScanner

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Dated: 29 JUN 2024 Page No. 22

# بلوچستان کی خواتین نے عالمی سطح پر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا، ربابہ بلیدی

**اسوقت بلوچستان کے چھ اضلاع میں خواتین افسران بطور ڈپٹی کمشنرز خدمات سرانجام دے رہی ہیں جو کہ بااختیار خواتین کے عملی تناظر میں صوبے کی تاریخ کا ایک روشن پہلو ہے**

**بلوچستان میں خواتین پولیس اسٹیشنوں کے قیام سے خواتین سائلین کی قانونی شنوائی اور چارہ جوئی میں آسانیاں میسر آئیں گی بلوچستان سے پاکستان پولیس سروسز میں خواتین پولیس افسران کی شمولیت حوصلہ افزا**

کوئٹہ(خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں خواتین پولیس اسٹیشنوں کے قیام سے خواتین سائلین کی قانونی شنوائی اور چارہ جوئی میں آسانیاں میسر آئیں گی بلوچستان سے پاکستان پولیس سروسز میں خواتین پولیس افسران کی شمولیت حوصلہ افزا امر ہے جبکہ صوبائی پولیس کے مختلف کیڈرز میں کانسٹیبل تا مختلف پوزیشنز پر مقامی خواتین کی بھرتی غیر معمولی خوش آئند تبدیلی ہے اسوقت بلوچستان کے چھ اضلاع میں خواتین افسران بطور ڈپٹی کمشنرز خدمات سرانجام دے رہی ہیں جو کہ بااختیار خواتین کے عملی تناظر میں صوبے کی تاریخ کا ایک روشن پہلو ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ممتاز سماجی شخصیت وسابق وزیر و سینٹر روشن خورشید بروچہ اور سپرنٹنڈنٹ آف پولیس محترمہ پری گل سے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ بلوچستان کی خواتین نے عالمی اور قومی سطح پر مختلف شعبوں میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا کر اس امر کی عملاً نفی کی ہے کہ بلوچستان کے سخت گیر معاشرے میں خواتین ترقی نہیں کرسکتیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں موجودہ وقت چھ ڈپٹی کمشنرز، متعدد ایس پیز سمیت مختلف انتظامی پوسٹوں پر خواتین افسران مثالی کارکردگی کا مظاہرہ کررہی ہیں اور اضلاع کی مکمل انتظامی سربراہی کرتے ہوئے بہتر فیصلہ سازی کررہی ہیں

# بلوچستان کی تعمیر وترقی کا خواب شرمندہ تعبیر کرکے رہیں گے، صادق عمرانی

**ہماری سیاست کا محور غریب عوام کی فلاح و بہبود اور انہیں بنیادی ضروریات زندگی کی فراہمی کیلئے سنجیدہ کوششیں کرنا ہے**

**صوبائی حکومت امن و امان کے قیام صحت، تعلیم اور تعمیر و ترقی کے دیگر منصوبوں کی بروقت تکمیل کیلئے اقدامات کررہی ہے**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے کہا ہے کہ ہماری سیاست کا محور غریب عوام کی فلاح و بہبود اور انہیں بنیادی ضروریات زندگی کی فراہمی کیلئے سنجیدہ کوششیں کرنا ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے عوام دوست منشور میں روشن مستقبل، خوشحال عوام، مستحکم اور مضبوط پاکستان کی تشکیل کیلئے عملی جدوجہد کا یقین شامل ہے اور موجودہ صوبائی حکومت وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی ........

بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

کی قیادت میں صوبے میں امن وامان کے قیام صحت، تعلیم اور تعمیر وترقی کے دیگر منصوبوں کی بروقت تکمیل کیلئے ضروری اقدامات کررہی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کے روز یہاں اپنے دفتر میں مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کیا، صوبائی وزیر نے کہا کہ ہمارے پاس وسائل کم اور مسائل زیادہ ہیں لیکن ہم نے جس نیک نیتی کے ساتھ صوبے کی تعمیر وترقی کا جو خواب آنکھوں میں سجا رکھا اسے شرمندہ تعبیر کرکے ہی رہیں گے، اس موقع پر صوبے کے مختلف دور دراز علاقوں اور خصوصاً نصیر آباد سے آئے ہوئے حضرات نے صوبائی وزیر کو اپنے اپنے مسائل سے آگاہ کیا جس میں سے بعض حل طلب مسائل کے حل کیلئے انہوں نے فوری طور پر احکامات جاری کیے جبکہ دیگر مسائل کے حل کی انہیں یقین دہانی کرائی گئی۔

## حکومت ٹیچر عامر غوری کا سرکاری سطح پر علاج کروائے گی، صوبائی وزیر صحت

**سردار زادہ فیصل خان جمالی کا ٹراما سینٹر کوئٹہ کا دورہ، مریضوں کی عیادت کی**

کوئٹہ ( آئی این پی )وزیر صحت بلوچستان سردارزادہ میر فیصل خان جمالی نے جمعہ کو ٹراما سینٹر سول ہسپتال کوئٹہ کا دورہ کیا اور وہاں زیر علاج مریضوں کی عیادت کی ۔ وزیر صحت بلوچستان سردارزادہ میر فیصل خان جمالی نے ٹرین کی زد سے بچے کی جان بچاتے ہوئے زخمی ہونے والے اسکول ٹیچر کی عیادت اور اہل خانہ سے ملاقات کی ٹرین کی زد سے بچے کو بچاتے ہوئے اسکول ٹیچر عامر غوری کی ایک ٹانگ اور بازو کٹ گیا اس موقع پر صوبائی .........

بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر صحت بلوچستان کا کہنا تھا کہ صوبائی حکومت عامر غوری کا سرکاری سطح پر بہترین علاج معالجہ کروائے گی زخمیوں کی علاج معالجے کیلئے تمام طبی سہولیات بروئے کار لائی جائے وزیر صحت بلوچستان سردارزادہ میر فیصل خان جمالی نے ایم ڈی ٹراما سینٹر اور طبی عملے کی کارکردگی کو سراہا اور کہا کہ ایم ڈی ٹراما سینٹر ڈاکٹر ارباب کامران کی ایمرجنسی صورتحال میں کارکردگی قابل ستائش ہے۔

Scanned with CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 29 JUN 2024 Page No. 23


## پولیو کے مکمل خاتمے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں، چیف سیکرٹری

**ٹیموں کو روکنے کی کوشش پر سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی، شکیل قادر خان کا اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت صوبے میں یکم جولائی سے شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں ایڈیشنل چیف سیکریٹری داخلہ زاہد سلیم، سیکرٹری صحت صالح محمد بلوچ، ڈبلیو ایچ او، یونیسیف، بی ایم جی ایف کے نمائندے جبکہ ڈویژنل کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز نے بذریعہ وڈیو لنک شرکت کی۔ چیف سیکرٹری نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پولیو کے مکمل خاتمے کو یقینی بنانے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں اور ہر حال میں اس مرض کا خاتمہ ممکن بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ انسداد پولیو مہم کو کامیاب بنانا انتہائی اہم ہے تاکہ وائرس کے پھیلاؤ کو روکا جاسکے اور بچوں کو اس سے محفوظ رکھا جاسکے تاکہ معاشرہ محفوظ ہو۔ انہوں نے کہا کہ پولیو مہم میں حصہ لینے والی تمام ٹیموں کو فول پروف سیکورٹی فراہم کی جائے گی اور اگر ضرورت پڑی تو زیادہ نفری بھجوائیں گے۔ چیف سیکرٹری نے ہدایت کی کہ اگر کسی نے پولیو ٹیم کو روکنے کی کوشش کی اس کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ پولیو ایک قومی مسئلہ ہے اس کی تدارک کے لیے ہم سب نے اپنا کردار ادا کرنا ہے۔

Scanned with CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 29 JUN 2024 Page No. 24


## نوکنڈی، انڈس ہسپتال کے اشتراک سے کمیونٹی ہیلتھ اینڈ ایم سی ایچ سینٹر کا آغاز

### مرکز نوکنڈی اور آس پاس کے علاقوں کے رہائشیوں کیلئے صحت کی بہترین سہولیات فراہم کریگا

کوئٹہ (پ ر) ریکوڈک مائننگ کمپنی کی جانب سے ضلع چاغی کے علاقے نوکنڈی میں انڈس ہیلتھ اور ہاسپٹل نیٹ ورک آئی ایچ ایچ این کے ساتھ کمیونٹی ہیلتھ اور ایم سی ایچ مدر اینڈ چائلڈ ہیلتھ سینٹر کا افتتاح کردیا گیا جس کے ساتھ اس علاقے میں صحت کی دیکھ بھال کے ایک نئے دور کا آغاز ہو گیا، یہ جدید ترین سہولت نوکنڈی اور آس پاس کے علاقوں کے رہائشیوں کے لئے صحت کی بہترین سہولیات فراہم کریگی جس میں تین مشاورتی کلینکس، چار وارڈز کے ساتھ کل 13 بستروں کی گنجائش، ایک جنرل ٹرائی ایج ایریا، ایک او پی ڈی، چوبیس گھنٹے ایمرجنسی روم، گائناکالوجی سیکشن، فارمیسی، لیبارٹری، مریضوں کے انتظار کی جگہ، الٹرا ساؤنڈ اور ایکسرے روم، کمیونٹی ہیلتھ ورکر روم اور ایک میٹنگ روم شامل ہے۔ زچہ و بچہ کی صحت پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے یہ صحت مرکز ایم این سی ایچ کی خدمات بھی فراہم کرے گا جن میں قبل از پیدائش دیکھ بھال، بعد از پیدائش دیکھ بھال، دودھ پلانے کا انتظام، امراض نسواں کی تشخیص و علاج، بچوں اور نوجوانوں کی صحت کی خدمات شامل ہیں۔ طبی مرکز میں اگست میں جدید ترین ریڈیالوجیکل خدمات، بشمول ایکسرے اور الٹرا ساؤنڈ سہولیات کا آغاز کرے گا۔ یہ خدمات درست تشخیص کو قابل بنا کر مریضوں کی جامع دیکھ بھال کو یقینی بناتی ہیں۔ مرکز سے تقریباً 30 ہزار رہائشیوں کی آبادی والے نوکنڈی ٹاؤن سمیت قریبی دیہاتوں کے لوگ بھی مستفید ہوں گے۔ بمبے گاؤں میں کمیونٹی ہیلتھ سینٹر کے قیام اور انڈس موبائل ہیلتھ یونٹ کی تعیناتی کے بعد یہ کمیونٹی ہیلتھ اور ایم سی ایچ سینٹر علاقے میں آر ڈی ایم سی کا تیسرا صحت کی دیکھ بھال کا اقدام ہے۔ منصوبے کو آئی ایچ ایچ این کی اشتراک اور آر ڈی ایم سی کے ذریعہ فنڈ کیا گیا ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## بلوچستان میں انسداد دہشتگردی کی 9 عدالتیں موجود ہیں' نیکٹا

### 6 ماہ کے دوران 163 واقعات رونما' 111 سیکورٹی اہلکار شہید 300 سے زائد دہشتگردوں کا قلع قمع کیا گیا

کوئٹہ (یو این اے) نیشنل کاؤنٹر ٹیررازم اتھارٹی (نیکٹا) کی جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں گزشتہ 6 ماہ کے دوران دہشتگردی کے 163 واقعات رونما ہوئے جس میں 111 سیکورٹی اہلکار شہید جبکہ 300 سے زائد دہشتگردوں کا قلع قمع کیا گیا نیکٹا کی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ بلوچستان میں انسداد دہشتگردی کی مجموعی طور پر 9 عدالتیں موجود ہیں جن میں 208 مقدمات التواء کا شکار ہیں جبکہ گزشتہ برس دہشتگردی کے مقدمات میں صرف 10 دہشتگردوں کو سزا سنائی گئی ہے۔

## جی ڈی اے نے شہر میں متعدد نئے ترقیاتی منصوبوں کی منظوری دیدی

### شمسی توانائی، شاہراہوں، پارکس، واٹر پروجیکٹ، فقیر کالونی کینال پر پل و دیگر نئے منصوبے شامل

گوادر (این این آئی) گوادر، جی ڈی اے نے شہر میں متعدد نئے ترقیاتی منصوبوں کی منظوری دیدی، شمسی توانائی، شاہراہوں، پارکس، واٹر پروجیکٹ، فقیر کالونی کینال پر پل، اسکول، ہسپتال، سیوریج لائن اور ڈرین لائن، سے متعلق نئے منصوبے شامل ہیں تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی حاجی سید محمد کی زیر صدارت ڈیپارٹمنٹل ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی (ڈی ڈی ڈبلیو پی) کا اجلاس جمعہ کو منعقد ہوا جس میں ..........

بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

مختلف نئے ترقیاتی منصوبوں، تعمیر و مرمت اور مینٹیننس ورکس کی منظوری دی گئی۔ ڈی ڈی ڈبلیو پی اجلاس میں ماحول دوست اور قابل تجدید توانائی کے تحت میرین ڈرائیو پر لگے ہوئے اسٹریٹ لائٹس اور جی ڈی اے آفس کو شمسی توانائی پر منتقل کرنے کی منظوری دی گئی۔ فقیر کالونی کینال پر پاک چائنہ اسکول کے قریب پل تعمیر کرنے، گزشتہ بارشوں سے کینال روڈ، میرین ڈرائیو کے متاثرہ حصوں کی تعمیر مرمت اور بحالی کی بھی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں جی ڈی اے پارکس، گراؤنڈز، واٹر پروجیکٹ، سیوریج لائن، ڈرین لائن کی تعمیر و مرمت صفائی اور مینٹیننس کیلئے فنڈز کی بھی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں طے ہوا کہ گزشتہ بارشوں کے بعد شہر میں پیدا ہونے والی صورتحال، موسمیاتی تبدیلی، زیر زمین واٹر ٹیبل میں بگاڑ اور پائیدار ترقی کا جائزہ بہت ضروری ہے۔ جس کیلئے ماہرین سے جامع مطالعہ کرانے کی بھی منظوری دی گئی۔

## مون سون سے قبل تمام متعلقہ محکمے پیشگی تیاریاں کر لیں، سعد بن اسد

### اے سیز اپنے علاقوں میں بروقت انتظامات اٹھاتے ہوئے کنٹنجنسی پلان مرتب کریں

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) سعد بن اسد کی زیر صدارت کوئٹہ میں مون سون کی متوقع شدید بارشوں کے پیش نظر پیشگی تیاریوں کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایس ایس پی آپریشن محمد بلوچ اسسٹنٹ کمشنرز، پی ڈی کوئٹہ پیکج، اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ ڈویژن کے علاوہ محکمہ سی اینڈ ڈبلیو، اریگیشن، ایف سی، میٹروپولیٹن کارپوریشن، محکمہ صحت، زراعت واسا پی ایچ ای کیسکو ایگریکلچر سی اینڈ ڈبلیو اور دیگر محکموں کے افسران

بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

اور نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ اس سال مون سون سیزن میں شدید بارشیں متوقع ہیں جس سے ندی نالوں میں طغیانی اور اربن فلڈنگ کا خطرہ لاحق ہوسکتا ہے لہٰذا مون سون سے قبل تمام متعلقہ محکمے اپنی پیشگی تیاریوں کو مکمل کریں تاکہ لوگوں اور املاک کے نقصان کو کم از کم کیا جاسکے اس سلسلے میں تمام اسسٹنٹ کمشنرز اپنے علاقوں میں بروقت انتظامات اٹھاتے ہوئے کنٹنجنسی پلان مرتب کریں اور متعلقہ محکموں اور اداروں کو الرٹ رکھیں۔ کوئٹہ کے تمام ندی نالوں کی بروقت صفائی اور تجاوزات کے خاتمے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھائے جائیں تمام چوک پوائنٹس کو کلیئر کر کے برساتی پانی کو راستہ دیں۔ کوئٹہ شہر میں کسی جگہ بھی برساتی پانی کھڑا نہ ہو۔ اس سلسلے میں امداد چوک، زرغون روڈ، ایسٹرن بائی پاس، گاہی چوک اور یونیورسٹی چوک پر برساتی پانی کے لیے انتظامات کیے جائیں۔

Scanned with CamScanner

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 29 JUN 2024 Page No. 26


## بلوچستان میں پولیو کا ایک اور کیس رپورٹ، رواں سال تعداد 6 ہوگئی

**نیا کیس ضلع قلعہ عبداللہ کی تحصیل گلستان سے رپورٹ، 2 سالہ بچے میں وائرس کی تصدیق**

کوئٹہ (بیورو رپورٹ) بلوچستان میں پولیو کا ایک اور کیس رپورٹ ہوگیا جس کے بعد صوبے میں رواں سال رپورٹ ہونے والے پولیو کیسز کی تعداد 6 ہوگئی، ......... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

محکمہ صحت بلوچستان کے ذرائع کے مطابق بلوچستان میں پولیو کا نیا کیس ضلع قلعہ عبداللہ کی تحصیل گلستان سے رپورٹ ہوا جہاں تقریباً 2 سالہ بچے میں پولیو وائرس کی تصدیق ہوئی، قلعہ عبداللہ سے 3 روز قبل بھی پولیو کا ایک کیس رپورٹ ہوا تھا

## کانگو وائرس نے بلوچستان میں مزید 2 افراد کی جان لے لی

**1 کا تعلق کوئٹہ، 2 قلعہ سیف اللہ اور 1 کا برشور سے ہے، 3 کی حالت نازک ہے**

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان میں کانگو وائرس سے متاثرہ 2 مریض دم توڑ گئے ہیں جبکہ 3 کی حالت تشویشناک ہے، مزید 4 کیس سامنے آگئے ہیں۔ کوئٹہ میں کانگو وائرس سے متاثرہ 1 خاتون سمیت 2 افراد دم توڑ گئے ہیں، جاں بحق مریضوں میں بی بی عائشہ کا......... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

تعلق قلعہ سیف اللہ جبکہ عبدالقیوم کا تعلق غوث آباد کوئٹہ سے ہے۔ مزید 4 مریضوں میں کانگو وائرس کی تشخیص ہوئی ہے، مریضوں کو ناک منہ سے خون آنے اور شدید بخار کی شکایت پر اسپتال منتقل کیا گیا تھا۔ مریضوں کی عمریں 23 سے 55 سال ہیں، مریضوں میں 1 تعلق کوئٹہ، 2 قلعہ سیف اللہ اور 1 کا برشور توبہ کاکڑی کا تعلق پشین سے ہے، 3 مریضوں کی حالت بھی تشویشناک بتائی رواں سال کانگو وائرس سے متاثرہ مریضوں کی تعداد 11 جبکہ جاں بحق افراد کی تعداد 2 ہوگئی ہے۔

Scanned with CamScanner

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 29 JUN 2024 Page No. 27


## وزیراعلیٰ اور ان کی ٹیم نے عوام دوست سرپلس بجٹ پیش کیا، سردار جوگیزئی

**بجٹ میں تعلیم، صحت، موسمیاتی تبدیلی، ترقیاتی منصوبوں کیلئے خطیر رقم مختص کی گئی ہے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سیکرٹری اطلاعات سردار سربلند جوگیزئی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت نے مالی مشکلات کے باوجود عوام دوست بجٹ پیش کیا ہے جس پر وزیراعلیٰ بلوچستان اور انکی ٹیم مبارکباد کی مستحق ہے۔ انہوں نے کہا کہ اقتدار سنبھالنے کے بعد مختصر عرصے میں شدید مالی مشکلات کے باوجود وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور ان کی ٹیم نے عوام دوست سرپلس بجٹ پیش کیا، بجٹ میں تعلیم، صحت، موسمیاتی تبدیلی، ترقیاتی منصوبوں کیلئے خطیر رقم مختص کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے ترقیاتی منصوبوں کیلئے رقم مختص کیے جانے سے صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبے بروقت مکمل ہونے سے لوگوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن میں وفاق کی طرز پر اضافہ کیا جس سے مہنگائی کے ستائے ہوئے سرکاری ملازمین کو ریلیف ملے گا، امید ہے کہ صوبائی حکومت عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے ہرممکن اقدامات کو یقینی بنائے گی۔

## لاپتہ افراد کو منظر عام پر لانا ریاست کی ذمہ داری ہے، وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز

**متاثرہ خاندانوں کو ذہنی اذیت دینے کی بجائے ان کے احتجاج کا نوٹس لیا جائے، نصراللہ بلوچ**

کوئٹہ (آن لائن) وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز کے چیئرمین نصراللہ بلوچ نے بیان میں کہا ہے کہ لاپتہ مسلم عارف، جان محمد، میران، سمیر، نثار کریم، جہانزیب کلمل، ولید یوسف کے اہلخانہ نے عید کے روز فدا چوک تربت میں دھرنا دیا۔ اس کے بعد انہوں نے اپنا دھرنا ڈپٹی کمشنر تربت کے دفتر کے سامنے منتقل کر دیا جس میں لاپتہ افراد کی خواتین و بچے بھی کثیر تعداد میں شریک ہیں جو تربت کی شدید گرمی میں دن رات دھرنے پر بیٹھے ہوئے ہیں اپنا پرامن احتجاج ریکارڈ کرا رہے ہیں دھرنے کو دو ہفتے مکمل ہو رہے انکا مطالبہ ہے کہ ان کے لاپتہ پیاروں کی بازیابی یقینی بنائی جائے۔ اگر ان کے لاپتہ افراد پر الزام ہے تو انہیں منظر عام پر لاکر عدالتوں میں پیش کیا جائے لیکن افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ حکومت نے انکے احتجاج کا نوٹس لیا ہے اور نہ ہی انہیں ان کے لاپتہ پیاروں کے حوالے سے معلومات فراہم کی جارہی ہیں جو یقیناً ایک غیر جمہوری عمل ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے نصراللہ بلوچ نے کہا کہ تربت دھرنے پر بیٹھے ہوئے لاپتہ افراد کے اہلخانہ کے مطالبات آئینی ہیں اور یہ ریاست کی آئینی اور اخلاقی ذمہ داری ہے کہ وہ لاپتہ افراد کے خاندانوں کو ذہنی اذیت دینے کی بجائے ان کے احتجاج کا نوٹس لے اور ان کے لاپتہ پیاروں کی بازیابی یقینی بنائے اگر ان پر الزام ہے تو انہیں منظر عام پر لاکر عدالتوں میں پیش کرکے غمزدہ خاندانوں کو ذہنی کرب و اذیت سے نجات دلائی جائے۔

MASHRIQ QUETTA

# پاکستان کو ہماری بدکاریوں، بداعمالیوں، رشوت خوری نے کھوکھلا کر دیا، محمود خان اچکزئی

**اسٹیبلشمنٹ سمیت سب سن لیں اگر ہم نے اس ملک کی تشکیل نو نہ کی تو یہ ہماری بدکاری سے ہم پر گرے گا**

**جب امریکہ جیسے ملک میں الیکشن زیر بحث ہوں کہ پاکستان کا الیکشن سوالیہ نشان ہے تو کون ہماری مدد کرے گا؟**

**صدر زرداری نے ایک اور مہربانی کریں پارلیمنٹ کو لکھیں کہ سینیٹ کے اختیارات قومی اسمبلی کے برابر کر دے**

کوئٹہ (یو این اے) آئین تحفظ پاکستان کے مرکزی صدر و پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے سربراہ محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ پاکستان کو ہماری بدکاریوں، بداعمالیوں اور رشوت خوری نے کھوکھلا کر دیا، اسٹیبلشمنٹ سمیت سب سن لیں اگر ہم نے اس ملک کی تشکیل نو نہ کی تو یہ ہماری بدکاری سے ہم پر گرے گی، جب امریکہ جیسے ملک میں الیکشن زیر بحث......

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

ہوں کہ پاکستان کا الیکشن سوالیہ نشان ہیں تو کون ہماری مدد کرے گا؟ سردار ایاز صادق جو جیت کے نکلتا ہے تو چارقل پڑتا ہے پھر آکر اپنی کرسی پر بیٹھے اس کو بھی کہہ دے کہ چارقل کا قسم کھاؤ کہ الیکشن کیسے ہوئے تھے؟ وہ بھی آف دی ریکارڈ اقرار کرے گا کہ واقعی دھاندلی ہوئی ہے صدر زرداری نے پاکستان کھپے کا نعرہ لگایا انہوں نے 18ویں ترامیم ملک کو دیں ایک اور مہربانی کرے کہ وہ پارلیمنٹ کو لکھیں کہ سینیٹ کے اختیارات قومی اسمبلی کے برابر کردیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نجی ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے کیا۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ وفاقی حکومت اور پاکستان تحریک انصاف کے درمیان چھوٹے بڑے جھگڑے ہیں ان کے حل کیلئے پرامید ہوں مسئلہ اتنا گھمبیر بھی نہیں ایک پارٹی کا دعویٰ ہے اور وہ سچ بھی ہے کہ پاکستان میں الیکشن میں دھاندلی ہوئی ہے یہ بات سچ ہے کہ بدترین انتخابات ہوئے ہیں پاکستان کے تمام پارٹیاں بشمول سردار ایاز صادق جو جیت کے نکلتا ہے تو چارقل

پڑتا ہے پھر آکر اپنی کرسی پر بیٹھے اس کو بھی کہہ دے کہ چارقل کا قسم کھاؤ کہ الیکشن کیسے ہوئے تھے؟ وہ بھی آف دی ریکارڈ اقرار کرے گا کہ واقعی دھاندلی ہوئی ہے دکھ کی بات یہ ہے کہ دوسرے ممالک میں پاکستان کے الیکشن پر بحث ہو رہی ہے پاکستان کہاں امریکہ کہاں جب امریکہ جیسے ملک میں الیکشن زیر بحث ہوں کہ پاکستان کا الیکشن سوالیہ نشان ہیں تو کون ہماری مدد کرے گا، انہوں نے کہا کہ ہمیں عدالتوں کی بجائے کمیٹی بنانی چاہیے جو ان مسئلے کو حل کرے، موجودہ پارلیمنٹ کو ہم نمائندہ پارلیمنٹ نہیں سمجھتے، پارلیمنٹ میں تمام بڑی جماعتیں موجود ہیں یہ سب مل بیٹھ کر درپیش مسائل حل کریں، انہوں نے کہا کہ آئیں ہم سب پارٹیاں مل بیٹھ کر ایک معاہدہ کریں جو بھی پارٹی اقتدار میں آئے گی ہم ایک دوسرے کی بے عزتی نہیں کرینگے 75 سال میں جو ہوا وہ ہو چکا عوام کے ووٹ سے منتخب پارلیمنٹ پر بھروسہ کرنا ہوگا اور پارلیمنٹ کو طاقت کا سرچشمہ بنانا ہوگا آئین میں تمام اداروں کی حدود معلوم ہے آسان بات ہے یہ ملک خوبصورت ملک ہے انہوں نے کہا کہ ہمیں 1947ء میں پاکستان کی لکیر نے ایک دوسرے کے ساتھ بیٹھا دیا ہے ایک بات واضح ہے کہ اسی دن سے اول ہم ... سے نہ کوئی آقا ہے نہ کوئی غلام ہے

پاکستان مجھ سے ایک سال بڑا ہے یہاں آباد اقوام کا اپنا وطن ہے 75 سال میں ہم تمام اقوام کو پاکستانی بنانے میں ناکام ہو چکے ہیں 75 سال سے سینیٹ کو وہ اختیار نہیں دیا گیا کہ وہ جو قومی اسمبلی کے پاس ہے ٹھیک ہے سینیٹ میں برابری ویدی بلوچ، پشتون سرائیکی لیکن وہ اختیار آپ نہیں دیتے یہ کام اس طرح نہیں چل سکتا، صدر زرداری نے پاکستان کھپے کا نعرہ لگایا انہوں نے 18ویں ترامیم ملک کو دیں ایک اور مہربانی کرے کہ وہ پارلیمنٹ کو لکھیں کہ سینیٹ کے اختیارات قومی اسمبلی کے برابر کردیں دوسرا آئینی گارنٹی دیں جو کچھ اللہ نے پنجاب میں پیدا کیا ہے اس کا پہلا حق پنجاب کے رہنے والوں کا ہے، سندھ کے سائل و وسائل سب نہ دیں ان کے بچوں کا پہلا حق تسلیم کرے

Scanned with CamScanner

# تربت دھرنے کو 11 روز مکمل، لاپتا افراد کے لواحقین کی احتجاجی ریلی

## ریلی کے شرکاء نے ہاتھوں میں لاپتا افراد کی تصاویر والے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر بازیابی کے مطالبے درج تھے

## خواتین اور بچوں کی بڑی تعداد بھی ریلی میں شریک، شرکاء نے بازار کا پیدل گشت کر [illegible] منعقد کیا

تربت (نمائندہ انتخاب) لاپتہ افراد کے لواحقین کی جانب دھرنے کے 11 روز مکمل ہونے پر احتجاجی ریلی نکالی گئی، ریلی کا آغاز مولانا عبدالحق بلوچ چوک سے کیا گیا جہاں ریلی کے شرکاء نے ہاتھوں میں پلے کارڈز اور بینرز اٹھائے تھے جن پر لاپتہ افراد کی بازیابی اور جبری گمشدگیوں کا سلسلہ بند کرنے کے ساتھ لاپتہ افراد کی تصاویر بھی شامل تھے، ریلی کے آغاز سے قبل بلیدہ زامران سے لاپتہ افراد کے لواحقین کی کثیر تعداد نے بلیدہ سے آکر ریلی میں شامل ہوگئے جن میں خواتین و بچے اور بوڑھے شامل تھے، ریلی کے شرکاء نے پیدل مارچ کرتے ہوئے مین بازار کا گشت کرکے شہید فدا چوک پر احتجاجی جلسہ کیا

بقیہ نمبر 12 صفحہ 5 پر

جہاں لاپتہ افراد کے لواحقین نے خطاب کیا، بلیدہ سے لاپتہ مسلم عارف کے والد عارف بلوچ نے کہا کہ میرے بیٹے کو لاپتہ ہوئے ایک سال کا عرصہ مکمل ہو چکا ہے میں نے ہر ادارے کے دروازے پر دستک دی ہے، بیٹے کی بازیابی کیلئے ہر اس شخص وادارے کے پاؤں پکڑے ہیں مگر میں سمیت دیگر لواحقین کو صرف طفل تسلیاں دی جا رہی ہیں، ہم نے بلیدہ سے آکر عید سے پہلے احتجاج کیا ہے ہمیں چند دن کی مہلت دینے کا کہا گیا تھا مگر اس دن سے لیکر آج تک ہم سے صرف جھوٹے وعدے کیے جا رہے ہیں ہمیں انصاف فراہم کر کے ہمارے پیارے بازیاب کیے جائیں، لاپتہ جان محمد کے بیٹے میران بلوچ نے کہا کہ میرے والد کو بارہ سال پہلے لاپتہ کیا گیا ہے اس دن سے لیکر آج تک ہمیں نہیں بتایا جا رہا ہے کہ والد کہاں ہیں ہمیں بتایا جائے کہ وہ کہاں ہیں صرف اسی سوال کو لیے میں سڑکوں پر ہوں، ستر سالہ بزرگ میار بلوچ نے کہا کہ میں اب بڑھاپے میں پہنچا ہوں میرے بیٹے کو ایک سال کا عرصہ مکمل ہے اسے بازیاب کیا جائے مجھ سے بیٹے کی جدائی کا غم سہا نہیں جا رہا ہے، میں نے بیٹے کی بازیابی کیلئے اسلام آباد تک مارچ کیا ہے مگر انصاف نہیں مل رہی ہے، پیدارک کیچ سے تعلق رکھنے والے میران و بمبر کی اہلخانہ نے کہا کہ ہمارے لاپتہ نوجوان گھر کے کفیل تھے اور وہ آج سے ایک پہلے لاپتہ کیے گئے ہیں ہم مجبور ہیں آج سڑکوں پر اپنے پیاروں کی بازیابی کیلئے نکلی ہیں ہمیں ہمارے پیارے واپس کیے جائیں، لاپتہ نثار کریم کی بوڑھی والدہ نے روتے ہوئے کہا کہ میرے بیٹے کو بازیاب کر کے مجھ پر رحم کیا جائے، میرا بیٹا میرا سرمایہ ہے، مجھے انصاف چاہیے، جہانزیب فضل کے اہل خانہ نے کہا کہ جہانزیب فضل کو ایک سال پہلے دکان سے اٹھایا گیا ہے مگر ابھی تک وہ لاپتہ ہے ہم نے انصاف کیلئے آئینی وقانونی راستہ اپنایا ہے احتجاج کے سوا دوسرا راستہ ہمارے پاس نہیں، بے حس حکمران ہمیں انصاف فراہم نہیں کر رہے ہیں، ولید یوسف کے اہلخانہ نے کہا کہ اسے گزشتہ رات گھر سے اٹھایا گیا ہے، جھوٹے مقدمات بنا کر ہمارے بھائی کو لاپتہ کیا گیا ہے، ہم نے مجبوراً احتجاج کا راستہ لیا ہے، لواحقین کا کہنا تھا کہ ہمیں سرکاری ادارے اسٹامپ پیپر کے ذریعے یہ کہہ کر دستخط کرنے کا کہتے ہیں کہ ہمارے لاپتہ جوان کسی کارروائی میں ملوث تھے جبکہ ہمیں پتہ ہے ہمارے پیارے بے قصور ہیں جھوٹے مقدمات اور جھوٹے الزامات پر ہم کسی بھی کاغذ پر دستخط کرنے کو ہرگز تیار نہیں ہیں، اس موقع مختلف سیاسی وسماجی تنظیموں کے ذمہ داران ریلی میں شامل تھے جن میں تربت سول سوسائٹی کے کنوینر گلزار دوست، بی ایس او کے سابقہ چیئرمین ظریف رند، حق دو تحریک کے حاجی ناصر پلیزئی ودیگر ذمہ داران، بلوچ یکجہتی کمیٹی کیچ، نیشنل ڈیموکریٹک پارٹی، مرکزی جمعیت اہل حدیث کیچ، بی ایس او پجار کے ضلعی صدر یاسر بیگر، میران عطا، نوید تاج، بی ایس او کے احمد بلوچ، تربت سول سوسائٹی کے ڈپٹی کنوینر جمیل عمر دشتی اور دیگر شامل تھے، دھرنے میں مرد وخواتین کے علاوہ بزرگوں اور بچوں کی بڑی تعداد شامل تھی، یاد رہے کہ کیچ کے مختلف علاقوں سے لاپتہ افراد کے خاندانوں کی جانب گزشتہ گیارہ دنوں سے ضلعی انتظامیہ کے دفتر کے سامنے دھرنا دیا گیا ہے، کیمپ میں مختلف سیاسی وسماجی تنظیموں کے رہنماء بھی موجود ہیں۔

Scanned with CamScanner

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated 29 JUN 20[illegible] Page No. 3

[illegible]

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 29 JUN 2024 Page No. 30


## ٹریفک پولیس اہلکار کو تشدد کا نشانہ بنانیوالے کیخلاف مقدمہ درج، گرفتاری کیلئے چھاپے

**دانش لہڑی کے ٹریفک کانسٹیبل بابر علی کو تشدد کا نشانہ بنانے کی ویڈیو وائرل ہونے پر ڈی آئی جی کا سخت نوٹس**

**ملزم نے تحریری معافی نامہ جمع کرایا ہے، سول سوسائٹی، میڈیا، وزیر اعلیٰ کی حمایت کو سراہتے ہیں، پولیس ترجمان**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پولیس نے ٹریفک اہلکار کو تشدد کا نشانہ بنانے والے مقامی ٹرانسپورٹر کے بیٹے اور پارلیمانی سیکرٹری کے بھتیجے کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گرفتاری کے لئے دوسرے روز بھی چھاپے مارے گئے کئی وزرا اور اراکین اسمبلی رات گئے معافی کیلئے سریاب تھانے پہنچ گئے پولیس کے مطابق ارباب کرم خان روڈ پر گزشتہ روز مقامی ٹرانسپورٹر حکمت لہڑی کے بیٹے اور پارلیمانی سیکرٹری لیاقت لہڑی بھتیجے دانش لہڑی نے ٹریفک کانسٹیبل بابر علی کو شدید تشدد کا نشانہ بنایا تھا جس کی ویڈیو وائرل ہونے پر ڈی آئی جی کوئٹہ اعتزاز گوایہ نے سختی سے نوٹس لیتے ہوئے ایک وائس میسج وائرل کیا جس میں انہوں نے کہا کہ کوئٹہ پولیس لاوارث نہیں اس شہر میں کسی کو کیسے جرات ہوئی کہ میرے جوان پر ہاتھ اٹھایا ڈی آئی جی کوئٹہ نے کانسٹیبل کو تشدد کا نشانہ بنانے والے ملزم کو فوری گرفتار کرنے کی ہدایت کی جس کے بعد کوئٹہ پولیس کی بھاری نفری نے ملزم دانش لہڑی کی گرفتاری کے لئے گھر پر چھاپہ مار تاہم گرفتاری عمل میں نہیں ائی پولیس ذرائع کے مطابق کئی وزرا اور اراکین اسمبلی رات گئے معافی کیلئے سریاب تھانے پہنچ گئے پولیس نے ٹریفک کانسٹیبل بابر علی کی مدعیت میں مقدمہ درج کر لیا ایف آئی آر کے متن میں کہا گیا ہے کہ وہ ڈیوٹی ختم کر کے پولیس یونیفارم میں گھر جا رہے تھے کہ لالہ خان ہاؤسنگ اسکیم ارباب کرم خان روڈ کے قریب موبائل فون پر کال آگئی جس پر سڑک کے کنارے کھڑے ہو کر گفتگو کر رہا تھا کہ عقب سے ایک گاڑی جس پر سرکاری نمبر پلیٹ لگی ہوئی تھی میں سوار نوجوان جس کی شناخت دانش لہڑی کے نام سے ہوئی ہے نے ہارن پر ہارن بجانے لگا اور گھور کر دیکھنے لگا جس پر میں نے کہا کہ راستے میں کوئی رکاوٹ تو نہیں ہے آپ چلے جائیں جس پر اس نے گاڑی سے اتر کر گالم گلوچ کے بعد زدوکوب کرنا شروع کر دیا اور جان سے مارنے کی دھمکیاں دیں جس پر سریاب پولیس اسٹیشن نے مقدمہ درج کر کے ملزم کی گرفتاری کے لئے دوسرے روز بھی سریاب روڈ پر ملزم کے گھر پر چھاپہ مارا تاہم ملزم فرار ہو گیا رات گئے تک چھاپے جاری تھے۔

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پولیس ترجمان نے کہا ہے کہ ارباب کرم خان روڈ پر ٹریفک کانسٹیبل کو ایم پی اے لیاقت لہڑی کے بھتیجے نے تشدد کا نشانہ بنایا تھا جو ایک ناخوشگوار واقعہ ہے ملزم نے محکمہ اور متاثرہ کانسٹیبل سے تحریری معافی نامہ جمع کرایا ہے سول سوسائٹی، میڈیا، وزیر اعلیٰ بلوچستان، کابینہ کے اراکین، اور صوبائی اسمبلی کے اراکین کی حمایت کو سراہتے ہیں تفصیلات کے مطابق ترجمان پولیس نے کہا کہ گزشتہ روز ارباب کرم خان روڈ پر ایک ناخوشگوار واقعہ پیش آیا جہاں ایک نوجوان لڑکے نے جس کی شناخت دانش لہڑی (ایم پی اے لیاقت لہڑی کے بھتیجے) کے نام سے کی گئی، نے ٹریفک کانسٹیبل بابر علی کو جسمانی تشدد کا نشانہ بنایا۔ کانسٹیبل ایک فون کال اٹینڈ کرنے کے لیے سڑک کے کنارے کھڑا تھا جب ملزم V8 گاڑی چلا رہا تھا، اس نے اسے جلدی سے راستہ صاف کرنے کو کہا، جس کے نتیجے میں گرما گرم بحث اور جسمانی جھگڑا ہوا۔ قانون کی متعلقہ دفعات کے تحت ایف آئی آر درج کی گئی ہے، اور ملزم نے محکمہ اور متاثرہ کانسٹیبل سے تحریری معافی نامہ جمع کرایا ہے۔ ہم سول سوسائٹی، میڈیا، وزیر اعلیٰ بلوچستان، کابینہ کے اراکین، اور صوبائی اسمبلی کے اراکین کی حمایت کو سراہتے ہیں جنہوں نے واقعے کی مذمت کی اور پولیس کے ساتھ کھڑے ہوئے۔ وزیر بخت کاکڑ، ایم پی اے میر لیاقت لہڑی، ایم پی اے عبید گورگیگ اور دیگر معزز ممبران کا خصوصی شکریہ جنہوں نے ہمارے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے تھانے کا دورہ کیا۔ ہم قانون کی حکمرانی کو برقرار رکھنے اور اپنے افسران کے تحفظ اور احترام کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہیں۔


MASHRIQ QUETTA


## پکنک پوائنٹ شعبان عارضی طور پر سیاحوں کیلئے بند

**پکنک کیلئے آنے والے تفریحی مقام شعبان کیطرف جانے سے گریز کریں، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ**

کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی جانب سے موجودہ حالات کے پیش نظر کوئٹہ کے نواحی علاقے میں واقع پکنک پوائنٹ شعبان میں عارضی طور پر ہر قسم کی پکنک اور سیاحوں کیلئے بند کر دیا ہے اس لئے تمام پکنک کیلئے آنے والے حضرات سے گزارش ہے کہ تفریحی مقام شعبان کی طرف جانے سے گریز کریں۔

## اوستہ محمد میں ایک شخص نے گولی مار کر خودکشی کر لی

اوستہ محمد (آن لائن) ایک شخص نے خودکشی کر لی تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب صدر تھانہ کے حدود گوٹھ ذوالفقار علی شبلیانی میں اللہ ڈنہ ولد عبدالنبی قوم رند نے اسلحہ آتشی سے خود کو گالی مار کر خودکشی کر لی پولیس موقع پر پہنچ کر نعش قبضہ میں لیکر پوسٹ بقیہ نمبر 20 صفحہ 5 پر

مارٹم کے بعد ورثا کے حوالے کیا جوں ہی نعش گھر پہنچی تو کہرام مچ گیا مزید تفتیش پولیس کر رہی ہے کہ خودکشی کی وجہ کیا ہے۔


Scanned with CamScanner

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 29 JUN 2024 Page No. 31

## چمن ماسٹر پلان اہمیت کا حامل منصوبہ ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ایک روزہ دورے پر جمعرات کو چمن پہنچے جہاں اعلیٰ حکام نے وزیراعلیٰ بلوچستان اور صوبائی وزراء کا استقبال کیا وزیراعلیٰ کے ہمراہ اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی، صوبائی وزراء اراکین اسمبلی بھی موجود تھے اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے ماسٹر چمن پلان کا افتتاح کیا افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ چمن ماسٹر پلان اہمیت کا حامل منصوبہ ہے جس سے تجارتی سرگرمیاں تیز ہوں گی اور مقامی لوگوں کو روزگار اور تجارت کے مواقع میسر آئیں گے وزیراعلیٰ نے چمن ماسٹر پلان پر عمل درآمد اور تکمیل پر تمام اسٹیک ہولڈرز کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پاک افغان سرحدی علاقے چمن میں ترقیاتی منصوبے مقامی افراد کے معاشی استحکام کے ضامن ہیں اس کے علاوہ بھی چمن کی ترقی اور لوگوں کے ذرائع روزگار کے لئے اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں اور مقامی لوگوں کو روزگار کی فراہمی کے لئے قابل عمل پالیسیاں مرتب کی جا رہی ہیں قبل ازیں چمن پہنچنے پر بلوچستان لیویز کے چاق و چوبند دستے نے وزیراعلیٰ بلوچستان کو سلامی پیش کی اس موقع پر ڈپٹی کمشنر راجہ اطہر عباس و دیگر حکام بھی موجود تھے۔

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظا مت اعلیٰ تعلقا ت عا مہ
حکو مت بلو چستا ن

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 29 JUN 2024 Page No. 32

# Reviving funds of literary academies

The Balochistan government's decision to slash the annual budget of Balochi and Brahui literary academies is a devastating blow to the province's cultural heritage. Unfortunately, owing to various reasons particularly that of lack of funds, mismanagement and corruption, the education sector of the province is facing massive challenges. Similarly, Balochi and Brahui languages, which are not taught in schools are confronting the issue of extinction. The provincial and federal governments do not pay attention to the promotion of literature, languages and culture, and this burden has been taken by various literary organizations on their own shoulders. In Balochistan there are several literary academies of Balochi, Brahui and Pashtoon, which are playing vital role in promotion of languages, culture and literature without being supported by the government. There are a few literary academies, which are offered a small annual grant by the provincial government so that they could meet their day to day and research expenditures but regrettably, the government has decided to slash their grants by 50 to 80 percent. These academies have been playing a dynamic role in promoting the language, literature, and culture of Balochistan, and this cruel cut will only hasten the extinction of these precious languages. Balochi and Brahui languages are already vulnerable, and this decision will further marginalize them. The academies' work is crucial in preserving and promoting the rich cultural heritage of Balochistan, and reducing their funding will severely impede their progress. In Balochistan, there is no culture of providing royalties to local writers, researchers and poets. They also do not receive much support from private publishing houses. In this environment, the Balochi academies performance is exceptional. The academies are playing a great role in encouraging writers to produce literature in this language. The opposition from academia and people from all walks of life are justified, and the government must listen to their concerns. This decision is unprecedented and sets a dangerous precedent for the neglect of cultural institutions. Chief Minister Mir Safraz Bugti must reconsider this decision and revive the old budget, even increasing the annual grant to enable the academies to continue their valuable work. Balochistan's cultural heritage is at stake, and it is the government's responsibility to protect and promote it. The fraternity hailing from Balochistan demand a reversal of this decision and a commitment to preserving their language, literature, and culture. The government must prioritize the promotion of Balochi and Brahui and other languages and ensure their survival for future generations.

Scanned with CamScanner

CamScanner